URDU TIMES APRIL 23, 2014

سید عمران احمد 2014-16 کے نیڈک کے صدر منتخب

فیاض صدیقی نائب صدر، جنرل سیکرٹری محمد خالد اور جوائنٹ سیکرٹری مسعود انجم سمیت کئی دیگر عہدیداروں کی تقریب حلف برداری

این ای ڈی المنائی ایسوسی ایشن کینیڈا نے سال 2014-16 کے لیے اپنے نمائندوں کا انتخاب کیا اس سلسلے میں حلف برداری کی تقریب اپریل کو برن ہیم تھروپ کمیونٹی سنٹر میں منعقد ہوئی۔ اس تقریب کا آغاز اللہ تعالی کے بابرکت نام سے کیا گیا تلاوت کی سعادت جناب شاہ قرین صاحب نے حاصل کی اور انھوں نے ہی اس تقریب کو آغاز سے انجام تک بڑی خوش اسلوبی سے نبھایا۔ منتخب عہدیداران سے الیکشن کمیٹی کے کورآڈینیٹر جناب انیس صاحب نے حلف لیا۔ نیڈک کی کمیٹی اگلے دوسال کے لیے کچھ اس طرح ہے۔ صدر جناب سید عمران احمد، نائب صدر جناب فیاض صدیقی، جنرل سیکریٹری جناب محمد خالد، جوائنٹ سیکریٹری جناب مسعود انجم خان، سوشل سیکریٹری جناب اسلام نبی خان، فنانس اینڈ میمبر شپ سیکریٹری جناب فرخ کرامت، انفارمیشن سیکریٹری جناب کرامت اللہ، پبلی کیشن سیکریٹری جناب امان شبیر صدیقی، ایگزیکٹیو بورڈ کے ممبران میں شامل ہیں: مسز صائمہ گیلانی، مسز ارم بخاری، جناب جنید اختر، جناب محمد افضال میمن، جناب محمد افراہیم خان، جناب انجم یاسین، جناب سید نسیم الدین، جناب سید قمبر رضا۔ تقریب کے دوران جناب شاہ قرین صاحب نے اس الیکشن کو پایہ تکمیل تک پہنچانے پر الیکشن کمیٹی کا شکریہ ادا کیا اور ان کے کام کو سراہا۔ اس کے علاوہ انھوں نے مختصرا نئے منتخب ہونے والے صدر، نائب صدر اور جنرل سکریٹری کی پیشہ وارانہ زندگی اور نیڈک کے لیے کی گئی ان کی خدمات پر بھی روشنی ڈالی۔ انھوں نے کہا کہ انھیں امید ہے نئے منتخب ہونے والے ممبران اپنے تجربے اور اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے نیڈک کو نئی جہتوں سے روشناس کرائیں گے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب محمد خالد نے کہا کہ نیڈک کے بائی لاز میں چند ناگزیر تبدیلیوں کی ضرورت ہے اور وہ اس کے لیے تمام ممبران کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ آگے آئیں اور اپنی اپنی تجاویز پیش کریں۔ نائب صدر جناب فیاض صدیقی نے اپنے خطاب میں اس بات کی ضرورت پر زور دیا کہ سب ممبران اپنی اپنی استطاعت کے مطابق نیڈک کے پروگراموں حصہ لیں اور کوشش کریں کہ ان کی فیملی بھی نیڈک کا حصہ بنے اور نیڈک ایک خاندان کے طور پر نظر آئے۔ صدر نیڈک جناب عمران احمد نے الیکشن کمیشن کی کاوشوں کو خراجِ تحسین پیش کیا اور ان کا شکریہ ادا کیا۔ انھوں نے کہا کہ وہ اپنی ٹیم کے ٹیلنٹ کو استعمال کرتے ہوئے نیڈک کو ایک نئی سمت میں لے کر جائیں گے اور ممبران کا اعتماد بحال کرنا ان کی اولین ترجیح ہوگی۔